سبھاش پکچرز کا

छलिया

چھلیا

ادا کاران

راج کپور۔ نوتن۔ پران۔۔ رحمان

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

نمبر ۱ گانا چھبیلے

ہو ہو باجے پائل چھن چھن ہو کے بیقرار
جانے میرا جیا کرے کس کا انتظار
اسی کو تو کہتے ہیں جوانی کی بہار
آئی بہار کر کے سولہ سنگار
لایا خورشید دیکھو کرنوں کے
آئی بہار ——

ہوا ہے بیقرار بھولوں سے
بار بار کرتی ہے پیار
جھکی جھکی جائے دیکھو پھولوں کی قطار
چھن چھن ——
ٹھہرو حضور ایسی جلدی ہے کیا
اُڑتے ہیں آپ جیسے چنچل ہوا
واہ رے یہ شان بان سینہ کی تان تان اکڑے جوان
لو پونچھو جی پسینہ یہ رومال ہے سرکار
باجے پائل ——

گانا نمبر ۲

چھلیا میرا نام چھلنا میرا کام
ہندو مسلم سکھ عیسائی سب کو میرا سلام

دیکھو لوگو ذرا تو سوچو نئی کہانی کیسے
تم نے میری روٹی چھینی میں نے چھینے پیسے
سیکھا تم سے کام ہوا بدنام

ہندو مسلم

روک رہے ہیں راہیں میری نیناں تیکھے تیکھے
ہم تو کیول مال کے رسیا عشق نہیں ہم سیکھے
جہاں بھی دیکھا دام وہیں نکالا کام

ہندو مسلم

میں ہوں گلیوں کا شہزادہ جو چاہوں وہ لے لوں
شہزادے تلوار سے کھیلیں میں قینچی سے کھیلوں
محنت میرا کام دنیا اس کا کام

ہندو مسلم

گانا نمبر ۳

ڈم ڈم ڈگا ڈگا موسم بھیگا بھیگا
بن پیئے میں تو گرا میں تو گرا، میں تو....
ہائے اللہ صورت آپ کی سبحان اللہ
تیری ادا واہ واہ واہ کیا بات ہے
انکھیاں جھکی جھکی باتیں رکی رکی
دیکھو لٹیرا آج لٹ گیا
صنم ہم ماناغریب ہیں
دھندا کھوٹا سہی بندا چھوٹا سہی

دل یہ خزانہ ہے پیار کا — ہائے —
تیری قسم تو میری جان ہے
مکھڑا بھولا بھالا، چھپکے ڈاکہ ڈالا
جانے تو کیسی مہمان ہے — ہائے —

گانا نمبر ۳:—

تیری راہوں میں کھڑے دل تھام کے
ہائے ہم ہیں دیوانے تیرے نام کے
میری انکھیوں کے نور میرے دل کا سرور
چاہے رہو دور دور تجھے بالا ہے ضرور — تیری راہوں —
باول ہے سے دنیا جانے، انکھیاں ہیں ترے کوئی نہ جانے
دل کی لگی کو دل ہی جانے — تیری راہوں —
کس چھلیے پہ یہ دل آیا، پتھر سے شیشہ ٹکرایا
نہ وہ اپنا نہ وہ ہرایا — تیری راہوں —

نمبر ۵:— میری جان کچھ بھی کیجئے، چاہے جان میری لیجئے
پر دل ہی کو دیجئے — پر دل —
کبھی یاد ہمیں بھی کیجئے — کبھی نام ہمارا بھی لیجئے
سپنوں میں آیا کیجئے — سپنوں میں —
کبھی تو ہم سے کرلو باتیں پیارا مکھڑا موڑ کے
تم کہو تو دھرتی پہ لا دوں، چاند تارے توڑ کے
پیہ یہ وعدہ ہم سے کرلو جاؤ گے نہ چھوڑ کے
یاد آکر تیری جو تڑپائے تو کوئی کیا کرے

تیرا دامن نہ ہاتھ میں آئے تو کوئی کیا کرے
چاندنی بھی آگ بن جائے تو کوئی کیا کرے
دل کسی کو ایک دن تو دو گی کیوں ہمیں دیتی نہیں
پاس آکر یہ تو بتا کیا ہم بُرے ہیں اجنبی
چودہویں کا چاند ہو تم ہم بھی تم سے کم نہیں
کملا:۔ میرے ٹوٹے دل سے کوئی تو آج یہ پوچھے
کہ تیرا حال کیا ہے ۔ کہ تیرا
قسمت تیری تیرا لی او چھلنے کو چھلنے والی
پھول کھلا تو ٹوٹ ڈالی جیسے اُلفت سمجھ بیٹھا
میری نظروں کا دھوکا تھا کسی کی کیا خطا ہے ۔
مانگی محبت پائی جدائی
دُنیا مجھکو اس نہ آئی پہلے قدم پر ٹھوکر کھائی
سدا آزاد رہنے تھے ہمیں معلوم ہی کیا تھا
محبت کیا بلا ہے ۔ محبت ۔
کملکر:۔ دنیا والو رام سیا کی نئی کہانی سن لو
بالمیکی سے خوب سُنی اب میری زبانی سن لو
گلی گلی سنسار و۔۔ ہے آج میرے دیش میں
سیتا دیکھی رام دیکھا آج نئے بھیس میں
تم نے نام سُنا سیتا میں اُسے دیکھ کے آیا ہوں
اور دھرم کے بھید میں ایک نئی رامائن لایا ہوں
وہ سیتا بھی رامائن کی ہے جیتی جاگتی

روٹھے ہوئے رام سے جو کھویا پیار مانگتی ۔ گلی
رام کی لیلا دیکھ چکے کوئی اس کی لیلا جانے نا
رام یہاں بنیا یہاں پر کوئی پہچانے نا
آگے بڑھ کے دیکھیے دیوانے تو ہی اس کا رام ہے
اسکے دل کو چیر کے دیکھو لکھا تیرا نام ہے ۔ گلی
دھرتی پھٹی سیتا چھپی کہیں نظر آئے نا
یہ وہ بنیا ہے جیسے دھرتی بھی چھپائے نا
وہ بھی بنیا یہ بھی بنیا فرق دیکھو بھاگ میں
آگ سے وہ لوٹ آئی یہ ہے ابھی آگ میں ۔ گلی ۔
بہن جس بھائی کی ہے وہ بھی خفا ہو گیا
ماں ہے کسی لال کی ہے وہ بھی جدا ہو گیا
جنک ننا چھوڑ دے تو کہاں جائے جانکی
ماں اسے پہچان کے بھی نہیں پہچانتی ۔ گلی ۔
کیوں بھروسہ نہیں اس پہ کیا یہ پیار جھوٹا ہے
بولو بولو آنسوؤں کا کیا یہ ہار جھوٹا ہے
اس کی کتھا جھوٹی تو جھوٹا یہ جہان ہے
جھوٹھی ہے رامائن ساری جھوٹا بھگوان ہے
دھرم جھوٹا پریم جھوٹا ۔ جھوٹا ہندوستان ہے
دیویوں پہ دن تھے آج میرے دیش میں
سیتا تو ہے رام نہیں ہے آج میرے دیش میں ۔ گلی ۔

ختم شد

پیرا مسٹر ز عضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	خونی پنجہ کا سایہ	4/-/-
,, ,, حصہ دوم	1/4/-	خونی پنجہ کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر خونی پنجہ	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر خونی پنجہ کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر گارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
عیار جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا عیار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا جنازہ	1/8/-

تیرے شہر میں گارزن 1/8/-

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات۔ نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱ روپیہ محصول ڈاک معاف

ہارمونیم گائیڈ

یہ کتاب حال ہی میں زیر نگرانی خاص طرح کے علم موسیقی کے ایک بہت بڑے ماہر سے لکھوا کر شائع کی گئی ہے۔ اس میں نئے نئے طرزوں کے گانے راگ، راگنی، غزل ٹھمری، دادرا، قوالی، سینما گانے وغیرہ سرگموں کو نمبروں کے ذریعہ ایک نئے قاعدے سے سمجھا کر بیان کیا گیا ہے۔ اس کی مدد سے ایک انجان آدمی بغیر استاد کے ہارمونیم بجانا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف دو روپے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی